مجلسِ امامت کورس کے

# 32 مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ”اِمامت، خطابت، مؤذنی یقیناً عُمدہ عبادت ہے“ کے 32 حروف کی نسبت سے ”مجلسِ امامت کورس کے 32 مَدَنی پھول“

**فرامینِ امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ:

❁ دعوتِ اسلامی کا 99.99% مدنی کام اِنفرادی کوشش سے ممکن ہے ❁ اِمامت، خطابت، مؤذنی، تدریس یقیناً عمدہ عبادت ہے ❁ اِمام کو چاہیئے کہ اپنے مقتدیوں پر اِنفرادی کوشش کرتا رہے، اِمام کو لوگ بہت عزت دیتے ہیں، اس لئے اس کی بات بھی توجہ سے سنی جائے گی، امام اگر مدنی ذہن والا ہوا تو بہت جلد پورے علاقے میں مدنی کاموں کی دُھوم مچ جائے گی ❁: جتنا آئمہ کرام دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کرسکتے ہیں، اِتنا عام آدمی نہیں کرسکتا۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الكبير للطبراني، الحديث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥) اس لیے **مجلس اِمامت کورس** کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ”**72 مدنی انعامات**“ میں سے ”**مدنی انعام نمبر 1**“ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیت کرتا رہے: ”میں اللہ عزّوَجلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے **دعوتِ اسلامی** کے شعبے ”**مجلس اِمامت کورس**“ کا مدَنی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللہ عزّوَجلَّ۔“

﴿2﴾ **مجلس امامت کورس** کا کام اندرون و بیرونِ ملک کی مساجد کے لئے امام و مؤذن مہیا کرکے مساجد کا تحفظ کرنا ہے۔

﴿3﴾ **مجلس امامت کورس کے ذمہ داران**، امامت کورس کرنے والے اسلامی بھائیوں کو تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے اس مدَنی مقصد ”مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزّوَجلَّ“ کے مطابق زندگی گزارنے کا مدَنی ذہن دیں، انہیں فرض علوم سکھائیں، اَخلاقی اور مدنی تربیت کرکے ایسے امام بنائیں کہ جو خود بھی ”مسجد بھرو تحریک“ جاری رکھیں اور دُوسروں کو بھی اس تحریک کا حصہ بناتے جائیں۔

﴿4﴾ امامت کورس کیلئے کابینہ/کابینات سطح پر ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں کورس کرنے والے اسلامی بھائیوں کو بنیادی ضروریات مثلاً موسم کے مطابق رہائش وکورس کے جدول کے مطابق پڑھائی کا مضبوط اِنتظام، بہتر طعام اور اِستنجاء خانے ووضوخانے، غسل خانے وغیرہ کا مناسب انتظام میسر ہو نیز متعلقہ نگرانِ کابینہ/کابینات، نگرانِ مجلس (پاکستان) کی اِجازت کے بغیر درجے کا شہر تبدیل نہ کیا جائے تاکہ امامت کورس کے حوالے سے سب کا اسی مقام پر جانے کا ذہن بن جائے۔

﴿5﴾ متعلقہ نگرانِ کابینات کی معاونت سے اپنی اپنی کابینات میں زیادہ سے زیادہ کورسز کی ترکیب بنائیں اور امامت کورس کے لئے ایسی دلچسپی پیدا کریں کہ اعلان کرتے ہی داخلہ لینے کے لئے اسلامی بھائی تیار ہوں۔

﴿6﴾ وقتاً فوقتاً مختلف مقامات پر ہونے والے **امامت کورس کا 12 ماہ کا جدول** (Plan) بنائیں، یعنی کس کابینہ میں کس مقام پر کس تاریخ کو کورس شروع ہوگا، اس سے پیشگی تیاری (مثلاً کورس معلمین کی فراہمی، جگہ کا اِنتخاب، کورس کی اِنتظامی مجلس وغیرہ) بھی مضبوط

www.dawateislami.net

ہوگی اور زِیادہ سے زیادہ عاشقانِ رسول یہ کورس کرنے کی سعادت حاصل کرسکیں گے۔

﴿7﴾ **اِمامت کورس** کے جدول کے مطابق مَدَنی قافلوں کی ترکیب مَدَنی قافلہ مجلس اور متعلقہ نگرانِ کابینہ کے مشورے سے بنائیں، ان مدنی قافلوں کی سمتیں اور زادِراہ کی ترکیب پہلے سے مجلس مدنی قافلہ سے طے کرلیں اور امامت کورس کا کوئی بھی مدنی قافلہ زادِراہ کے بغیر سفر نہ کروائیں۔

﴿8﴾ اِمامت کورس کرنے والے اسلامی بھائیوں کو (مسجد و فِنائے مسجد کے علاوہ) **مدنی چینل** پر براہِ راست ہونے والے مدنی مذاکرے اور روزانہ مدنی خبریں دکھانے نیز جدول کے مطابق VCD اجتماع کا بھی اہتمام کریں۔

﴿9﴾ اراکینِ مجلس اپنی کابینات میں طے شدہ مقامات وتاریخوں کے مطابق بھرپور تیاری کے ساتھ امامت کورس کو کامیاب بنائیں اور درجہ ختم ہونے سے کم ازکم 15 دن پہلے اگلے کورس کی تیاری شروع کردیں۔

﴿10﴾ اِمامت کورس کے بہتر اِنتظامات کے لیے **متعلقہ نگرانِ کابینات** کی مشاورت سے کورس کے آغاز سے **کم وبیش 12 دن قبل 3/5 رُکنی اِنتظامی مجلس** کی ترکیب کی جائے، جس میں ذِمہ داران کے پاس کورس سے **متعلقہ کاموں مثلاً** ﴿کورس پر ہونے والے اخراجات کی اہلِ ثروت وشخصیات سے ترکیب کرنا، خیر خواہی (لنگرِ رضویہ) کے معاملات دیکھنا، اِستنجاء، وضو وغسل خانے وغیرہ کی مناسب ترکیب کرنا﴾ کی **مختلف ذِمہ داریاں** ہوں۔

﴿11﴾ اس مجلس کے **نگران واراکین** کی **معلومات** (نام، رابطہ نمبر، کس کے ذِمے کیا ذِمہ داری؟) تحریری طور پر ہونی چاہئیں۔

﴿12﴾ جس مقام پر امامت کورس شروع کروائیں، بالخصوص اُس کے گرد و نواح اور بالعموم جس سطح (کابینہ/کابینات) پر کورس ہو رہا ہے وہاں بھی نمایاں مقامات پر بینرز اور پینافلیکس لگائیں، اجتماعات (ہفتہ وار، تربیتی اجتماع، غمخواری اجتماع، مدنی مراکز فیضانِ مدینہ، مکتبۃ المدینہ) اور مدنی مشوروں میں اس کی بھرپور انداز میں ترغیب دلائیں۔ **بینر کی عبارت اس طرح ہونی چاہئے:**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# 126 روزہ امامت کورس

**دعوتِ اسلامی** کے مدنی ماحول میں **"اِمامت کے خواہشمند"** عاشقانِ رسول دُرست قواعد کے ساتھ قرآنِ پاک سیکھنے، چند سُورتیں وسُنّتیں ودُعائیں زبانی یاد کرنے، بعض فرض علوم مثلاً اسلامی عقائد، نماز، روزہ، جمعہ واِمامت کے ضروری مسائل، اَخلاقی تربیت ونیکی کی دعوت کا عملی طریقہ سیکھنے کیلئے یہ کورس کرنے کی سعادت حاصل کیجئے۔

**کورس کی تاریخ:**............................

**کورس کا مقام:**............................

﴿13﴾ مُلک وبیرونِ مُلک مساجدِ اہلسنّت میں صحیح العقیدہ سُنّی عاشقِ رسول اِمام کی ترکیب کے لیے اپنی کوششیں تیز ترکردیں اور تمام مدنی مراکز میں **"اِمامت کورس کا تعارف وخصوصیات"** کا پینافلیکس بنواکر آویزاں کروائیں۔

www.dawateislami.net

﴿14﴾ اِمامت کورس میں آنے والوں کے مکمل کوائف مثلاً نام، تنظیمی ذِمہ داری، پوسٹل ایڈریس، فون نمبر وغیرہ جمع کریں اور اُن کے متعلقہ نگرانِ مشاورت کو بھی پیش کریں، نگرانِ مشاورت کورس مکمل کرنے والوں کو اُن کی اہلیّت وصلاحیت کے مطابق تنظیمی ذِمہ داریاں دینے کی ترکیب بنائیں۔

﴿15﴾ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''امام مسجد کے 30 مدنی پھول'' کا مطالعہ فرمائیں اور تمام ائمہ کرام وخطباء حضرات تک ضرور پہنچائیں، ان مدنی پھولوں کی فوٹو کاپیاں کروا کر تمام طلباء میں تقسیم کی جائیں اور پھر اچھی طرح یاد کروانے کی ترکیب ہو اور وقتاً فوقتاً ان مدنی پھولوں میں سے تربیت کا سلسلہ بھی رہے۔

﴿16﴾ ایسے اسلامی بھائی جو اپنی نماز درست کرنا چاہتے ہیں مگر امامت کورس کی شرائط پر پورے نہیں اترتے انہیں نماز کورس کروایا جائے۔

﴿17﴾ اِمامت کورس کے لئے طے شدہ شرائط تحریری طور پر اپنی کابینات کے تمام نگرانِ ڈویژن مشاورت تک پہنچائیں۔

**❁امامت کورس کی شرائط:** ☆عمر کم از کم 22 سال ☆ اُردو لکھنا پڑھنا جانتا ہو ☆ روانی کے ساتھ قرآنِ مجید (ناظرہ) کی تلاوت کرسکتا ہو ☆ مدنی ماحول سے منسلک ہو (عرصہ کم از کم 2 سال) ☆ داڑھی شریف والا ہو ☆ دورانِ کورس مدنی حلیہ کی پابندی لازمی ہے ☆ اپنا اصل نادرا شناختی کارڈ (اگر نہ ہو تو برتھ سرٹیفکیٹ یا ''ب'' فارم) ساتھ ہو ☆ نگرانِ ڈویژن مشاورت کا تصدیق نامہ اور ان کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ☆ والد یا سرپرست کا اجازت نامہ اور ان کے شناختی کارڈ کی کاپی لازمی ساتھ ہو۔

**❁نماز کورس کی شرائط:** ☆عمر کم از کم 22 سال ☆ اُردو پڑھنا جانتا ہو ☆ داڑھی شریف والا ہو ☆ دورانِ کورس مدنی حلیہ کی پابندی لازمی ہے ☆ اپنا اصل نادرا شناختی کارڈ (اگر نہ ہو تو برتھ سرٹیفکیٹ یا ''ب'' فارم) ساتھ ہو ☆ نگرانِ ڈویژن مشاورت کا تصدیق نامہ اور ان کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ☆ والد یا سرپرست کا اجازت نامہ اور ان کے شناختی کارڈ کی کاپی لازمی ساتھ ہو۔

﴿18﴾ **اراکین پاکستان مجلس** اپنی کابینات میں ہونے والے امامت کورس کے درجوں میں بھرپور وقت دیں، معلمین کی حاضری و مشاہرہ جات، ماہانہ کارکردگی، ماہانہ امتحانات، طلبہ کی ماہانہ خیر خواہی (ماہانہ وظیفہ)، پڑھائی، خیر خواہی (لنگرِ رضویہ)، رہائش، سامان رکھنے اور حدر کی مشق کرنے کیلئے الگ کمرہ اور براہِ راست مدنی مذاکرہ ومدنی خبریں (علاوہ مسجد وفنائے مسجد) دیکھنے کے متعلق معاملات وقتاً فوقتاً ملاحظہ فرماتے رہیں اور آنے والے مسائل کو اپنے نگرانِ مجلس ونگرانِ کابینات کے ذریعے بروقت حل کرواتے رہیں۔

﴿19﴾ اراکین مجلس اپنی اپنی کابینات کے مجلس آئمہ مساجد کے ذمہ داران سے رابطے مضبوط کریں اور کورس مکمل کرنے والے طلباء جو امامت نہیں کر رہے، ان کی امامت کی ترکیب بنوائیں اور ان کی لسٹ اراکینِ مجلس کو پیش کریں۔

﴿20﴾ ہر امامت کورس کے درجہ کے اختتام سے 15 دن پہلے رُکنِ مجلس امامت کورس، رکنِ مجلس آئمہ مساجد اور معلم اسلامی بھائی باہم مشورہ کریں اور فارغ ہونے والے طلباء کیلئے مساجد کا انتخاب کریں اور پھر امتحان میں کامیابی کی صورت میں ان کی امامت کی ترکیب کی جائے۔

﴿21﴾ ہر کورس کے اختتام پر رکنِ مجلس امامت کورس، متعلقہ رکنِ مجلس آئمہ مساجد، مجلس تفتیش اور مجلس اجارہ کے اسلامی بھائی سے پیشگی وقت لے کر درجے کے اختتام پر تشریف لے جائیں اور تفتیش میں پاس ہونے والے اسلامی بھائیوں کا ہاتھوں ہاتھ

www.dawateislami.net

اجارہ کر کے ان کی مساجد کی ترکیب بنادی جائے۔

﴿22﴾ امامت کورس کا درجہ 126 دن کا ہے، 111 دن گزرنے کے بعد نئے درجے کا آغاز کر دیا جائے۔ (یعنی ہر درجے کے اختتام سے 15 دن پہلے نیا درجہ شروع کر دیا جائے)

﴿23﴾ درجے میں پیش آنے والے مسائل کی شکایات پر بغیر تحقیق کئے کوئی پیش رفت نہ کریں اور تحقیق کرنے کے بعد نگرانِ مجلس اور نگرانِ کابینات کی مشاورت سے مسائل حل کرنے میں کسی قسم کی تاخیر نہ کریں۔

﴿24﴾ **مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف کورسز کے ماہانہ اہداف:** مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگرانِ مشاورت کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، مدنی انعام و مدنی قافلہ کورس اور مدنی تربیتی کورس کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

## ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

| # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| 1 | کابینات | کابینات ذمہ دار امامت کورس |
| 2 | ملک | نگرانِ مجلس امامت کورس |
| 3 | رکنِ شوریٰ | مجلس امامت کورس |

کابینات ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رُکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ ذمہ دار اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ﴿25﴾ مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 6 | رکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس | مُلک | کابینات ذمہ داران | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |

**وضاحت:** **رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

**کارکردگی فارم جمع کروانے کی تاریخیں:** کابینات: 6 ملک: 7

﴿26﴾ امامت کورس کیلئے **شرکاء** اسلامی بھائی مجلس آئمہ مساجد دے گی، ان کی تربیت مجلس امامت کورس کرے گی جبکہ کورس کے مکمل

اخراجات میں سے ماہانہ خیر خواہی اور مشاہرہ جات متعلقہ کابینات مالیات اور دیگر اخراجات متعلقہ کابینہ مالیات کے ذمہ ہوں گے۔

﴿27﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ مشاورت سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے) ❁ اپنی اپنی کابینات کے امامت کورس میں وقتاً فوقتاً اراکینِ شوریٰ، نگرانِ کابینات، نگرانِ کابینہ اور پاکستان سطح کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران کے بیانات کرواتے رہیں۔

﴿28﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی متعلقہ رکنِ شوریٰ اور پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں)

﴿29﴾ ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) کو پیش کرے۔

﴿30﴾ متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں، جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اُتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

❁ متعلقہ نگران کی مشاورت سے شعبہ ذمہ داران، منگل کے روز تحریری کام کی ترکیب بنائیں۔

﴿31﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رُکنِ شوریٰ / مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مَدَنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

## ﴿32﴾ ذمہ داران اپنی دُنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل اُمور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

❁ امامت کورس میں فرض علوم بھی سکھائے جاتے ہیں، لہٰذا مجلس کے اسلامی بھائی بھی فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنّت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں اور اگر خدانخواستہ کسی قسم کی کمزوری ہو تو انفرادی طور پر بہتری لائیں۔

❁ **مدنی حلیے** ﴿**داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) **کلی والا** سفید کُرتا سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ)﴾ کی پابندی کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے روازنہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم دو اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش،

علاقائی دورہ، مدرسۃ المدینہ برائے بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اِصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر** اور **محبوب** بننے کی سعی جاری رکھیں، اِستقامت پانے کے لئے ہر ماہ کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائیے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ اراکینِ مجلس، مدنی انعام نمبر 47 پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عَزَّوَجَلَّ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟ (ہاں خود سمجھانے کی جراٴت نہ ہو یا ناکامی کی صورت میں تنظیمی ترکیب کے مطابق مسئلہ حل کرنے میں مضائقہ نہیں۔)

## مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء**: ۱۵ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ / 15 مئی 2014ء

www.dawateislami.net